جس نے جمعہ کے دن جنابت کا غسل کیا، پھر پہلی گھڑی میں مسجد کی جانب چل پڑا، اس نے گویا ایک اونٹ کی قربانی دی

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس نے جمعہ کے دن جنابت کا غسل کیا، پھر پہلی گھڑی میں مسجد کی جانب چل پڑا، اس نے گویا ایک اونٹ کی قربانی دی جو دوسری گھڑی میں نکلا اس نے گویا ایک گائے کی قربانی دی جو تیسری گھڑی میں نکلا، اس نے گویا ایک مینڈھے کی قربانی دی جو چوتھی گھڑی میں نکلا، اس نے گویا ایک مرغی صدقہ میں دی جو پانچویں گھڑی میں نکلا، اس نے گویا ایک انڈا صدقہ میں دیا پھر جب امام نکل آتا ہے، تو فرشتے حاضر ہوکر خطبہ سننے لگتے ہیں"
[صحیح] [متفق علیه]

نبی صلی اللہ علیہ و سلم جمعہ کی نماز کے لیے جلدی جانے کی فضیلت بیان فرما رہے ہیں جمعہ کی نماز کے لیے جانے کا یہ وقت جس کی فضیلت آئی ہے' وہ سورج طلوع ہونے سے لے کر امام کے منبر پر آنے تک رہتا ہے اس وقت کے کل پانچ حصے ہیں دراصل سورج طلوع ہونے سے لے کر امام کے منبر پر آنے کے درمیان کے اس وقت کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا جائے گا 1- جس نے غسل جنابت کی طرح کامل غسل کیا اور اس کے بعد پہلے حصے میں جمعہ کے لیے مسجد چلا گیا، اس نے گویا کے ایک اونٹ صدقہ کیا 2- جو دوسرے حصے میں مسجد پہنچا، اس نے گویا کے ایک گائے صدقہ کیا 3- جو تیسرے حصے میں مسجد پہنچا، اس نے گویا کے ایک سینگ والا مینڈھا صدقہ کیا 4- جو چوتھے حصے میں مسجد پہنچا، اس نے گویا کے ایک مرغی صدقہ کیا 5- جو پانچویں حصے میں پہنچا، اس نے گویا کے ایک انڈا صدقہ کیا اس کے بعد جب امام خطبہ کے لیے نکل جاتا ہے، تو مسجد کے دروازے پر بیٹھ کر سلسلہ وار داخل ہونے والوں کا نام لکھنے والے فرشتے لکھنے کا کام بند کر دیتے ہیں اور خطبہ سننے میں مشغول ہو جاتے ہیں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5393